© rasailojaraid.com



# خبرنامہ

## ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ

(۱) ادارۂ تحقیق میں توسیعی خطبات / لکچرز کا اہتمام کیا جاتا ہے، اس کے لیے مختلف دانشوروں اور اہلِ علم حضرات کو مدعو کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں ۱۳ فروری ۱۹۹۱ء کو بعد نماز مغرب جناب عبد المتین صاحب طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ نے ہندومت اور اس کی فلسفیانہ اور اخلاقی بنیادوں پر اپنا مقالہ انگریزی میں پیش کیا۔ سکریٹری ادارہ مولانا سید جلال الدین عمری زید مجدہ اپنی ناسازیٔ طبع کی بنا پر اس مجلس میں شرکت نہ فرما سکے لیکن پروگرام کو مؤثر بنانے کے لیے مفید مشورے دیتے رہے۔ اس مجلس کی صدارت مولانا سلطان احمد اصلاحی نے کی، مقالہ نگار کے استاذ گرامی پروفیسر اسلوب احمد انصاری مہمانِ خصوصی تھے۔

مقالہ خاصا طویل اور معلوماتی تھا۔ وقت کی قلت کے باوجود سوال و جواب کا موقع ملا۔ آخر میں پروفیسر اسلوب احمد انصاری نے تفصیل سے اس پر اظہار خیال کیا اور مفید مشورے دئے۔ مسلم یونیورسٹی کے لائق اساتذہ کرام کے علاوہ مختلف شعبوں کے ریسرچ اسکالرس اور ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس اس مجلس میں شریک رہے۔

(۲) ادارہ میں زیر تربیت طلباء کے اندر تصنیفی ذوق پیدا کرنا اس کا بنیادی مقصد ہے۔ اس کا ایک مؤثر ذریعہ رائٹرس فورم ہے۔ اس سال اس کے کئی ایک پروگرام ہوئے، اس کے تحت پڑھے جانے والے مقالات میں قرآن کریم کا فلسفۂ انسانیت، اخلاقی نظریات اور اسلام ایک تقابلی مطالعہ، تزکیۂ نفس ۔ انبیاء کی بعثت کا مقصد، بنگلہ دیش کے لیے لمحۂ فکریہ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی معلمانہ حیثیت خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ رائٹرس فورم میں پیش کیے گئے مقالات، ماہ نامہ الرشاد، اعظم گڑھ، ماہ نامہ زندگی نو، نئی دہلی اور سہ روزہ دعوت دہلی وغیرہ میں شائع ہو چکے ہیں۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۳) عربی درس گاہوں اور انگریزی کالجوں سے فارغ باذوق طلباء کو تصنیفی تربیت دینے کی غرض سے ادارہ میں دو سالہ کورس رکھا گیا ہے۔ فی الحال اس شعبہ میں دارالعلوم دیوبند، جامعۃ الفلاح بلریا گنج، مدرسۃ الاصلاح سرائے میر اور جامعہ فیض عام سے فارغ چار طالب علم زیر تربیت ہیں، ان میں کسی کا کورس ختم ہونے والا ہے تو کسی نے ابھی ابتداء کی ہے۔ یہ ایک زبردست علمی خدمت ہے۔ اہل خیر حضرات کا تعاون حاصل ہو تو اسے زیادہ بڑے پیمانے پر چلایا جا سکتا ہے۔

(۴) ادارہ اپنے رفقاء اور بعض دیگر اہل علم کی تحقیقی تصنیفات کی اشاعت کا بھی اہتمام کرتا ہے۔ مولانا سید جلال الدین عمری مدظلہ کی کتاب "اسلام میں خدمتِ خلق کا تصور" شائع ہو کر خراج تحسین حاصل کر چکی ہے۔

سابق صدر ادارہ محترم مولانا صدرالدین اصلاحی کی کتاب "معرکۂ اسلام وجاہلیت" کا دوسرا ایڈیشن سال رواں کے ماہ فروری میں ادارہ نے شائع کیا ہے۔ کتابت وطباعت کی بڑھتی ہوئی گرانی کے باوجود اس کی قیمت میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ اسی طرح مولانا سید جلال الدین عمری کی کتاب "اسلام اور مشکلاتِ حیات" اور ڈاکٹر عبیداللہ فراہی کی "تصوف — ایک تجزیاتی مطالعہ" کا بھی اسی سال دوسرا ایڈیشن شائع کرنا پڑا، ان دونوں کتابوں کی قیمت میں بھی کوئی اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔ سکریٹری ادارہ کی کتاب "عورت اور اسلام" کا انگریزی ترجمہ بھی ادارہ سے شائع ہو چکا ہے۔ تعلیم یافتہ مسلم اور غیر مسلم حضرات تک اس کتاب کے پہونچانے کی ضرورت ہے۔

(۵) ادارہ کے رفیق مولانا سلطان احمد اصلاحی کی ایک ضخیم کتاب "مذہب کا اسلامی تصور" کی کتابت ہو چکی ہے۔ اللہ نے چاہا تو جلد ہی طباعت کے مرحلے سے گزر کر منظر عام پر آجائے گی۔

۶۔ مولانا سلطان احمد اصلاحی کے مختصر مگر اہم رسالے "مشترک خاندانی نظام اور اسلام" کا پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا ہے۔ پاکستان میں اس کا اضافہ شدہ نیا ایڈیشن اسلامک پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔ اس کا مزید بہتر شدہ ایڈیشن ان شاء اللہ ادارہ سے جلد شائع ہوگا۔

(شعبۂ اطلاعات)



© rasailojaraid.com